NOTIFICATION OF PSAT/NMSQT SCHOOL DAY 2024

دسواں اورگیارہواں گریڈ شروع کرنے والے طلباء کےعزیز والدین اور/ یا سرپرست:

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) اس موسم خزاں میں، 10-11 گریڈ کے طلباء کیلئے ، ابتدائی (PSAT) SAT/ نیشنل میرٹ اسکالرشپ کوالیفائنگ ٹیسٹ (NMSQT) کے منصوبے پیش کرنے کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس کر رہا ہے - یہ ٹیسٹ بروز بدھ ، 9 اکتوبر 2024 ء کو منعقد ہو گا اور FCPS میں داخل طلباء کیلئے ، مفت پیش کیا جائے گا - اس خط کا مقصد PSAT/NMSQT اسکول ڈے کے موقع کے بارے میں ، عمومی معلومات فراہم کرنا ہے - اس خط میں معذور طالبعلموں کی ٹیسٹنگ سہولیات کے بارے میں ، وقت کے لحاظ سے حساس معلومات بھی فراہم کی گئی ہیں -

رواں موسم خزاں میں PSAT/NMSQT ڈیجیٹل فارمیٹ میں منعقد ہوگا - طلبا و طالبات اور ان کے گھر والے مزید معلومات کالج بورڈ ڈیجیٹل کے SAT Suite of Assessments ویب پیج پر ملاحظہ کرسکتے ہیں (https://satsuite.collegeboard.org/psat-nmsqt) - ڈیجیٹل ٹیسٹس کیلئے بعض ٹیسٹنگ سہولیات کا انتظام کاغذ و پینسل ٹیسٹس کی بہ نسبت مختلف انداز سے کیا جاتا ہے - معذوری کے حامل طلبا وطالبات کیلئے سہولیات کے متعلق معلومات ذیل میں ملاحظہ کیجیئے -

PSAT/NMSQT ایک معیاری ٹیسٹ ہے، جو ریاضی اور ثبوت پر مبنی مطالعہ اور تحریر کی جانچ کرتا ہے - ٹیسٹ میں استدلال کی مہارت ، علم ، اور فہم پر توجہ دی گئی ہے - یہ طلباء کو ، کالج میں داخلے کی اسیسمنٹس کیلئے ، تیار کرنے کے دوران کالج کی تیاری کو فروغ دینے کے حوالے سے تشکیل دیا گیا ہے - ٹیسٹ کے مواد اور فارمیٹ سے متعلق، معلومات کالج بورڈ PSAT/NMSQT ویب پیج پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں: (https://satsuite.collegeboard.org/psat-nmsqt/whats-on-the-test) - PSAT/NMSQT کالج بورڈ اور نیشنل میرٹ اسکالرشپ کارپوریشن کی طرف سے مشترکہ طورپر مالی تعاون سے منعقد کیا جاتا ہے - اگرچہ صرف11 ویں گریڈ کے طلباء نیشنل میرٹ اسکالرشپ کا مقابلہ کرنے کے اہل قرار دیئے گئے ہیں ، 10 ویں گریڈ کے طلباء ، جو PSAT/NMSQT میں حصہ لیتے ہیں ، انہیں 11 ویں گریڈ میں PSAT/NMSQT کی اور کالج داخلے کے SAT امتحان کی تیاری کی بہترین مشق ہوجاتی ہے -

معذور طلبا و طالبات کیلئے سہولیات

معذور طلبا و طالبات ، جن کیلئے ، 504 پلان یا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں ٹیسٹنگ سہولیات کی نشاندہی کی گئی ہے، وہ PSAT/NMSQT میں ٹیسٹنگ سہولیات کیلئے اہل قرار دیئے جا سکتے ہیں - تاہم ، کالج بورڈ لازمی طور پر ہر طالبعلم کیلئے ایک باقاعدہ درخواست منظور کرے -

- *اگر طالبعلم کو، پہلے ہی سے گزشتہ PSAT/NMSQT, PSAT 10, SAT یا AP test کیلئے کالج بورڈ کی سہولیات کی منظوری حاصل ہے تو دوبار درخواست جمع کرانے کی ضرورت نہیں -* ایک بار کی منظوری کے بعد، سہولیات تمام کالج بورڈ ٹیسٹنگ کیلئے ، قائم رہتی ہیں - جیسا کہ درج بالا سطور میں نوٹ کیا گیا ہے کہ بعض سہولیات تبدیل ہوسکتی ہیں یا PSAT/NMSQT کیلئے نئے ڈیجیٹل ٹیسٹ فارمیٹ میں ہوسکتا ہے انکی ضرورت نہ ہو - اپنے طالبعلم کی منظور شدہ سہولیات کا جائزہ لینے کو یقینی بنایئے اور اپنے طالبعلم سے بات کیجیئے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ وہ سمجھتے ہوں کہ وہ کیسے ٹیسٹ دیں گے - ڈیجیٹل ٹیسٹس میں سہولیات کو استعمال کرنے کے متعلق معلومات کیلئے کالج بورڈ کا ویب پیج ملاحظہ کیجیئے (https://satsuite.collegeboard.org/digital/accommodations-digital-testing/using-accommodations-digital-tests) -
- منسلکہ کاغذات 1-3 اورکالج بورڈ ٹیسٹنگ کی سہولیات کے طریقہ کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/38355) کالج بورڈ ٹیسٹس کیلئے سہولیات کی درخواست دینے کے FCPS کے طریقہ کار کی معلومات فراہم کرتا ہے- *PSAT/NMSQT کیلئے ، ٹیسٹنگ کی نئی سہولیات کی درخواست کرنے کی صورت میں ، رائے اور رضامندی کے درکار فارمز **5 اگست ، 2024 ء** تک اسکول میں جمع کرانے لازمی ہیں -*

ہم اکتوبر میں ، دسویں اور گیارہویں گریڈ کے طلبا وطالبات کیلئے ، یہ موقع فراہم کرنے پر انتہائی پُرجوش ہیں - تعلیمی سال کے آغاز میں ، PSAT/NMSQT سے متعلق ، مزید معلومات کیلئے ، رابطے میں رہیے - یہ معلومات FCPS کے PSAT اسیسمینٹس ویب پیج پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں (https://www.fcps.edu/node/42102) -

منسلکہ کاغذات 1-3: سہولیات کی درخواست کا طریقہ کار